
ہماری فوج اور قوم
از ایمن شاہد
ناولز کلب

السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

ہماری فوج اور قوم

از

ایمن شاہد

www.novelsclubb.com

کیا آپ جانتے ہیں کہ ہماری فوج کیا کرتی ہے؟

یقیناً نہیں۔ کیونکہ اگر آپ جانتے ہوتے تو فوج کے خلاف باتیں نہ کرتے۔ جانتے ہوتے تو آپ یہ نہ کہتے کہ ہماری فوج بجٹ کھاتی ہے۔ جانتے ہوتے تو شہیدوں کے مجسمے اور ان کی قبروں کی بے حرمتی نہ کرتے۔

جب تم سارا دن بے فکری سے گزارتے ہو۔ کام پہ جاتے ہوئے یہ پریشانی نہیں ہوتی کہ تم پر حملہ ہو جائے گا۔ رات کو ائیر کنڈیشنر کے نیچے سکون سے سوتے ہو۔ کبھی ایک دفعہ بھی یہ بیٹھ کر سوچا ہے کہ تم اتنی بے فکری کی نیند کیسے سوتے ہو؟ کون ہیں وہ جن کی وجہ سے تمہیں یہ آزادی کی زندگی میسر ہے؟ کبھی سوچا ہے کہ اگر وہ ہماری حفاظت کے لیے سرحدوں پر نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟

تم تو اپنے بیوی بچوں کو صبح شام دیکھتے ہو۔ان کو پیار کرتے ہو۔ان کے ساتھ وقت گزارتے ہو۔خاندان کی ہر خوشی، غمی میں شریک ہوتے ہو۔ کبھی سوچا ہے کہ جو ہماری حفاظت کے لیے سرحدوں پر موجود ہیں وہ بھی کسی کے بھائی، کسی کے لختِ جگر، کسی کے سہاگ اور کسی کے باپ ہوتے ہیں۔ان کی بھی فیملی ہوتی ہے جو ہر خوشی اور غمی کے موقع پر ان کی راہ تکتی ہے۔

کبھی سوچا ہے کہ یہ جن کو آپ بدنام کر رہے ہیں یہ نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟

کون ہیں وہ جن کی وجہ سے تمھیں یہ آزادی کی زندگی میسر ہے؟ کبھی سوچا ہے کہ اگر وہ ہماری حفاظت کے لیے سرحدوں پر نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟

جی ہاں! یہ نہ ہوتے تو دشمن ممالک کب کے ہم پر قبضہ کر چکے ہوتے۔یہ نہ ہوتے تو ہم آزاد فضا میں سانس لے پاتے؟ کیا ہم آزاد زندگی گزار سکتے بغیر کسے خوف اور خطرے کے؟

www.novelsclubb.com

اچھا چلیں یہ سب چھوڑیں۔ کبھی یہ سوچا ہے کہ آپ لوگوں کی اس قسم کی باتیں ہماری فوج اور ان کی فیملی پر کس طرح سے اثرانداز ہوتی ہیں؟ نہیں نا! کیونکہ فوج کے خلاف بولتے ہوئے کبھی ان باتوں کو سوچا ہی نہیں۔

چلیں میں بتاتی ہوں۔ جب آپ ان کے خلاف بولتے ہیں تو ان کو دکھ تو ہوتا ہی ہے وہ یہ بھی سوچتے ہیں کہ اب ہم اپنی نسلیں فوج میں نہیں آنے دیں گے۔ وجہ؟؟ کیونکہ آپ لوگوں کی کہی گئی باتیں ان کا دل دکھاتی ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ یہ سب باتیں اگر ہم برداشت کر رہے ہیں تو ہماری نسلوں کو نہ کرنی پڑیں۔

عمران خان صاحب گرفتار ہوئے تو اس جاہل قوم نے ملک کو برباد کر دیا۔ بھئی کس حق سے برباد کر رہے ہیں آپ لوگ؟ اور تو اور اس جاہل قوم نے صرف یہیں بس نہیں کیا۔ انہوں نے شہیدوں کے مجسمے توڑ دیے۔ ان کے پوسٹرز جلا دیے۔ ان کی قبروں کی بے حرمتی کی۔ ہمارے شہید پائلٹ (ایم ایم عالم) کا طیارہ جسے بھارتی فوج نہ جلا سکی وہ اس جاہل قوم نے جلا دیا۔ کیا ملا آپ سب کو یہ کر کے؟

جانتے ہیں ان عوامل کی وجہ سے شہداء کی فیملیز کو کتنا رنج پہنچا ہو گا۔ان کی ماؤں سے،ان کی بہنوں سے،ان کی بیواؤں سے،ان کے بچوں سے پوچھ کے دیکھو جن شہداء کی تم نے بے حرمتی کی۔

تم جو اپنے بچوں کے ساتھ خوش باش رہتے ہو کبھی سوچا ہے کہ ہماری ان مسکراہٹوں کے پیچھے کتنے لوگوں کے آنسو، کتنوں کی آہ وبکا، کتنوں کی قربانیاں شامل ہیں۔

کیا ہم کبھی یہ سوچتے ہیں کہ ہماری مسکراہٹوں کی قیمت کسی اور نے اپنی جان سے نہ چکائی ہو۔

کیا کبھی یہ سوچا ہے کہ جن لوگوں کو آپ سرعام بے عزت کر رہے ہیں، جن پہ انگلیاں اٹھا رہے ہیں، جن پہ طرح طرح کے الزامات لگا رہے ہیں۔وہ لوگ اپنی خوشیاں،اپنا خاندان،اپنے بیوی بچے چھوڑ کر اور یہاں تک کہ ذاتی خواہشات کو مار کر ان سرحدوں پہ ڈٹے ہوئے ہیں فقط اپنی عوام کو محفوظ رکھنے کے لیے۔۔۔۔۔۔

اگر آپ کی قربانیوں کا احساس کرتے ہوئے ان کے ساتھ کھڑے نہیں ہو سکتے تو کم از کم ان کے لیے مشکلات بھی کھڑی نہ کریں۔

اگر آپ ان کے لیے کچھ اچھا نہیں کر سکتے تو خدارا کچھ برا بھی مت کیجیے!

اندازِ بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

www.novelsclubb.com